QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 120

"اپنا میٹر۔اپنی ریڈنگ" موبائل ایپ کے زریعے اب صارفین ازخود میٹر ریڈنگ سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں: کیسکو

کوئٹہ:12 نومبر 2025ء۔۔۔۔وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کے احکامات کی روشنی میں بجلی کے صارفین کیلئے پاور انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی (پی آئی ٹی سی) کی جانب سے "اپنا میٹر،اپنی ریڈنگ" کے نام سے ایک جدید موبائل ایپ متعارف کروائی گئی ہے۔جس سے صارفین اپنے استعمال شدہ بجلی یونٹس کی ازخود ریڈنگ لے کر براہ راست بلنگ کیلئے ارسال کرواسکتے ہیں۔اس موبائل ایپلی کیشن کے استعمال سے نہ صرف بلنگ کے عمل کو شفاف بنانا ممکن ہوگیا ہے بلکہ صارفین کو اندازے سے لگائے گئے غلط میٹر ریڈنگ اور اضافی بلوں کی شکایات سے بھی نجات دلانے میں معاون ثابت ہوسکے گا۔

کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے صارفین کیلئے بھی یہ جدید ایپ گوگل پلے اسٹور اور ایپل ایپ اسٹور پر دستیاب ہیں جس کا استعمال بھی نہایت آسان ہے۔صارف کو سب سے پہلے اپنا اکاؤنٹ رجسٹرڈ کروانے ہونگے جس کے بعد ہر ماہ کی مقررہ تاریخ سے قبل اپنے میٹر کی تصویر اپ لوڈ کرواسکتے ہیں جس کا فائدہ صارف کو براہ راست درست اور بروقت بلنگ کی صورت میں حاصل ہوسکے گا۔لہٰذا کیسکو کے تمام صارفین یہ ایپلی کیشن اپنے موبائل میں انسٹال کر کے اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے موبائل فون کے ذریعے میٹر ریڈنگ کے عمل میں ازخود شریک ہوکر میٹر کی واضح تصویر اپ لوڈ کریں تاکہ اُنھیں استعمال شدہ یونٹس کے مطابق درست اور بروقت بلنگ کا حصول یقینی بنایا جاسکے۔

# # #

نمبر: کیسکو پی آر 121

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ:12 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ منصوبے کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی توسیع اور ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں برقی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کیلئے 13 نومبر کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ سمنگلی، پی اے ایف، انٹر کنیکٹر، جی او آر کالونی فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، کرانی، ہزارہ ٹاون، سمنگلی ایکسپریس، سرکی روڈ، خیر بخش مری، شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، داریم فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہے گی نیز اسی روز مری آباد گرڈ کے کاسی ون، کاسی ٹو فیڈرز جبکہ انڈسٹریل گرڈ کے سریاب مل، شاہنواز، شموزئی، واسا، ایف جی ایس کالونی، میاں غنڈی فیڈروں سے 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 14 نومبر کو (بروز جمعہ) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لیاقت بازار، نیو جان محمد، اولڈ جان محمد روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری مرمتی کاموں کے سلسلے میں 13 نومبر (بروز جمعرات) کوئٹہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، زرغون ون، زرغون ٹو، صاحبزادہ کاریز، عسکری ٹو فیڈروں سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 14 نومبر کو خضدار گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک جبکہ مستونگ گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

# # #